## سبق 29 — دو زبر ـً

دوزبر، دوزیر، دوپیش کو تنوین یعنی نون کی آواز دینے والی حرکت کہتے ہیں، دو زبر، دوزیر اور دو پیش ہمیشہ الفاظ کے آخر میں آتے ہیں۔

### تنوین میں نون ساکنہ چھپا ہوتا ہے۔

مًا

یہاں دو زبر میں دوسرے زبر کے اندر نون ساکنہ چھپا ہوا ہے۔

دو زبر کے بعد اکثر الف آتا ہے سوائے ۃ والے الفاظ کے، لیکن یہ الف پڑھا نہیں جاتا۔

جیسے: مًا = مَنْ

**ایک سادہ سا قاعدہ یاد رکھیے: دو علامت، دو آواز**

### 14 دو زبر والی نظم

**1** ہونٹوں والے حروف کے ساتھ

مًا بًا وًا فًا

**2** زبان کی نوک والے حروف کے ساتھ

ثًا ذًا ظًا

تًا دًا طًا

زًا سًا صًا

لًا نًا رًا

**3** بیچ والے حروف کے ساتھ

جًا شًا یًا

کناروں والے حروف کے ساتھ

ضًا کًا قًا

حلق والے حروف کے ساتھ

ءًا ھًا عًا

حًا غًا خًا

اً ـئًا، ؤً

## مشق: دوزبر

| | | |
|---|---|---|
| بَابًا<br>کوئی دروازہ | شَيْئًا<br>کوئی چیز | شَهِيْدًا<br>کوئی گواہ |
| مَثَلًا | سَبِيْلًا | قَلِيْلًا |
| كَثِيْرًا | رِزْقًا | اَبَدًا |
| مَآءً | دُعَآءً | جَزَآءً |
| اَذًى | مَثْوًى | هُدًى |
| اٰيَةً | فِئَةً | رَحْمَةً |